


# اسلام آباد یونائیٹڈ سال 2021 کے خوشگوار آغاز کے لیے پر امید

**لاہور،16 فروری 2021:**

سابقہ کارکردگی:

دوہزار بیس: چھٹی پوزیشن

دوہزار انیس: تیسری پوزیشن

دوہزار اٹھارہ: چیمپئن

دوہزار سترہ: چوتھی پوزیشن

دوہزار سولہ: چیمپئن

اسلام آباد یونائیٹڈ ایچ بی ایل سپر لیگ کی تاریخ میں سب سے تسلسل سے کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی ٹیم ہے مگر ایڈیشن 2020 میں اس کا پوائنٹس ٹیبل پر سب سے آخری پوزیشن پر آنا تمام فینز کے لیے غیر متوقع تھا۔

تاہم اسلام آباد یونائیٹڈ کی انتظامیہ نے ایڈیشن 2020 کے اختتام سے ہی اپنی خامیوں کا جائزہ لینا شروع کردیا اور یہ ضروری بھی تھا کیونکہ اسلام آباد یونائیٹڈ دومرتبہ پاکستان سپر لیگ کی فاتح ٹیم کا اعزار حاصل کرچکی ہے۔

اب تو آلراؤنڈر حسن علی بھی اسلام آباد یونائیٹڈ کا حصہ بن چکے ہیں اور حال ہی میں انہوں نے قائداعظم ٹرافی میں اپنی کھوئی ہوئی فارم واپس حاصل کرکے جنوبی افریقہ کے خلاف ٹیسٹ اور ٹی ٹونٹی سیریز میں اس کا عملی مظاہرہ بھی کیا۔

انہوں نے راولپنڈی ٹیسٹ میں پاکستان کا دورہ کرنے والی جنوبی افریقہ کی ٹیم کے خلاف دس وکٹیں حاص کیں اور پھر ٹی ٹونٹی میں جنوبی افریقہ کے خلاف فیصلہ کن معرکے میں اہم ترین موقع پر چھکا جڑ کر اپنی ٹیم کو فتح سے ہمکنار کروایا۔

ایک طرف کپتان شاداب خان اور دوسری طرف آل راؤنڈر فہیم اشرف کے بعد اب حسن علی کی شمولیت سے اسلام آباد یونائیٹڈ کا کمبی نیشن بہتر ہوا ہے اور یہ ٹائٹل کی دوڑ کے لیے مضبوط سمجھی جارہی ہے موجو دہیں۔

شاداب خان ایک نوجوان کپتان ہیں انہوں نے ایڈیشن 2020 میں 37.57 کی اوسط اور 159 کے اسٹرائیک ریٹ کے ساتھ 263 رنزبنائے تھے۔ انہوں نے اپنی لیگ اسپن باؤلنگ کی بدولت ایونٹ میں 8 وکٹیں بھی حاصل کی تھیں۔

رواں سال اسلام آباد یونائیٹڈ کے نئے کوچ جنوبی افریقہ کے سابق آل راؤنڈر یوہان بوتھا ہیں۔ انہیں قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مصباح الحق کی جگہ اس عہدے پر تعینات کیا گیا ہے۔ اسلام آباد یونائیٹڈ نے آسٹریلیا کے سابق بلے باز ڈین جونز کی کوچنگ میں دو ایڈیشنز جیتے تھے، تاہم بعد ازاں ڈین جونز نے کراچی کنگز کو جوائن کر لیا تھا۔

یوہان بوتھا نے گزشتہ سال آسٹریلیا میں کھیلی گئی بگ بیش لیگ میں ہوبارٹ ہری کینز کی نمائندگی کی تھی۔ تجربہ کار کرکٹر اس سے قبل اسلام آباد یونائیٹڈ اور کراچی کنگز کے ساتھ فیلڈنگ کوچ کی حیثیت سے بھی کام کر چکے ہیں۔ اس سے قبل یوہان بوتھا کیریبین لیگ (سی پی ایل) میں گیانا ایمیزون واریئرز کے ہیڈ کوچ بھی رہ چکے ہیں۔

اسلام آباد یونائیٹڈ کے ابتدائی اسکواڈ میں شامل نیوزی لینڈ کے کولن منرو اب لیگ میں حصہ نہیں لے رہے تاہم یونائیٹڈ کی انتظامیہ نے ان کی جگہ آسٹریلیا کے لیگ اسپنر فواد احمد کو اسکواڈ کا حصہ بنالیا ہے۔ فواد احمد اس سے قبل ایچ بی ایل پی ایس ایل میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی نمائندگی کر چکے ہیں۔

امریکہ کے فاسٹ باؤلر علی خان بھی ریپلیسمنٹ پک کی حیثیت سے اسلام آباد یونائیٹڈ کا حصہ بن گئے ہیں۔ وہ دنیا بھر کی ٹی ٹونٹی لیگز میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرچکے ہیں۔ ان کے ہمراہ پاکستان کے نوجوان فاسٹ باؤلر موسیٰ خان پیس اٹیک سنبھالیں گے۔ موسیٰ خان نے گزشتہ ایڈیشن میں بھی بہتر کھیل کا مظاہرہ کیا تھا۔

گزشتہ ایڈیشن میں پشاور زلمی کی نمائندگی کرنے والے آلراؤنڈر لوئس گریگری رواں سال اسلام آباد یونائیٹڈ کی نمائندگی کریں گے۔ وہ میڈیم فاسٹ باؤلنگ اور دھواں دھار بیٹنگ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ انڈر 19 کرکٹر محمد وسیم جونیئر اور ابھرتے ہوئے نوجوان کرکٹر عاکف جاوید بھی اسلام آباد یونائیٹڈ کے کپتان شاداب خان کی امیدوں پر پورا اترنے کے لیے تیار ہوں گے۔

نوجوان اسپنر احمد صفی عبداللہ بھی فواد احمد اور ظفر گوہر کے تجربے سے مستفید ہونے کی کوشش کریں گے۔

**اسکواڈ:** شاداب خان (کپتان)، حسن علی، الیکس ہیلز، آصف علی، فہیم اشرف، فواد احمد، علی خان، احمد سیفی عبداللہ، افتخار احمد، لیوس گریگری، محمد وسیم جونیئر، فل سالٹ، روحیل نذیر، حسین طلعت، موسی خان، پال اسٹرلنگ، ظفر گوہر، عاکف جاوید

-ENDS-


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk



Partners